حیسکو پریس ریلیز مورخہ 13.10.2026

77 عدد فیڈروں کو زیرلوڈشیڈنگ کرتے ہوئے حیسکو انتظامیہ نے بجلی کا بٹن عوام کے ہاتھ میں دے دیا ہے، زیرلوڈشیڈنگ فیڈر کی سہولت برقرار رکھنا اب صارفین کے اپنے تعاون اور ذمہ داری سے مشروط ہے۔ اگر صارفین بجلی چوری روکیں، بروقت بل ادا کریں، لائن لاسز کو مقررہ حد میں رکھیں اور بجلی کے نظام کی بہتری میں حیسکو کا ساتھ دیں تو انہیں 24 گھنٹے بجلی کی فراہمی جاری رکھنے میں مدد ملے گی۔ چوہان برادری کی خدمات کو سراہتے ہوئے ڈومنواہ فیڈر کا نام تبدیل کرکے "حاجی علیم الدین چوہان فیڈر" رکھنے کا اعلان۔ حیسکو چیف ایگزیکٹو آفیسر فیض اللہ ڈاہری کا خطاب

حیسکو چیف ایگزیکٹو آفیسر فیض اللہ ڈاہری سیلیبریٹی آف حیدرآباد بن گئے ہیں زیرلوڈشیڈنگ فیڈروں کے تحت بجلی صارفین کو دیتے ہوئے۔ حیدرآباد چیمبر کے صدر عدیل صدیقی کے خطاب

حیدرآباد (پ ر) حیسکو ترجمان کے مطابق چیف ایگزیکٹیو آفیسر فیض اللہ ڈاہری نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ آج آفندی ٹاؤن کی عوام کے لیے اور میرے لیے خوشی کا دن ہے، اس سے قبل 77 فیڈرز کو زیرلوڈشیڈنگ پر منتقل کیا جاچکا ہے، جبکہ آج واہ فیڈر کی توسیع ایک اہم کامیابی ہے۔ انہوں نے کہا کہ عوامی خدشات دور کرنے اور صارفین کے تعاون سے یہ منصوبہ ممکن ہوا، بجلی کی بلاتعطل فراہمی سے کاروباری سرگرمیوں کو فروغ ملے گا۔ چوہان برادری کی خدمات کو سراہتے ہوئے ڈومنواہ فیڈر کا نام تبدیل کرکے "حاجی علیم الدین چوہان فیڈر" رکھنے کا اعلان، "لوڈشیڈنگ کا بٹن اب آپ کے ہاتھ میں ہے" زیرلوڈشیڈنگ فیڈر کی سہولت برقرار رکھنا اب صارفین کے اپنے تعاون اور ذمہ داری سے مشروط ہے۔ اگر صارفین بجلی چوری روکیں، بروقت بل ادا کریں، لائن لاسز کو مقررہ حد میں رکھیں اور بجلی کے نظام کی بہتری میں حیسکو کا ساتھ دیں تو انہیں 24 گھنٹے بجلی کی فراہمی جاری رکھنے میں مدد ملے گی۔ یعنی پہلے لوڈشیڈنگ کا فیصلہ گرڈ اسٹیشن کی سطح پر کیا جاتا تھا، جبکہ زیرلوڈشیڈنگ فیڈر کے تحت اب صارفین کا تعاون اس سہولت کو برقرار رکھنے میں بنیادی اہمیت رکھتا ہے۔ زیرلوڈشیڈنگ فیڈر کی سہولت برقرار رکھنا اب صارفین کے تعاون سے مشروط ہے۔ اپنے گھر اور کاروبار کو روشن رکھنے کا اخلاقی معاہدہ کریں جس کے تین نکات ہیں (1) ہم چوری نہیں ہونے دیں گے، (2) نہ ہی خود چوری کریں گیں، (3) ہم لاسسز کو 20% فیصد سے کم رکھیں گے ریکوری 100 فیصد رکھتے ہوئے اور ڈسٹریبیوشن سسٹم کو بہتر رکھیں گے تاکہ AT&C کنٹرول میں رہے، حیسکو اور بجلی صارفین نے اس پر مکمل عمل کرتے ہوئے زیرلوڈشیڈنگ فیڈر کی سہولت کے تحت بجلی استعمال کرتے رہیں گے، قلیل مدت میں یہ منصوبہ مکمل کرنے پر اپنے تمام افسران اور ورکرز کو خراج تحسین پیش کرتا ہوں، رواں مالی سال میں مزید 68 عدد 11 کے وی فیڈرز زیرلوڈشیڈنگ کریں گے، تین سالوں میں 70 فیصد 11 کے وی فیڈرز زیرلوڈشیڈنگ کریں گے، ہم یہ چاہتے ہیں کہ اس وطن عزیز کی قوم کو بنیادی ضروریات کی سہولتیں بہتر میسر ہوں، تاکہ ترقی کا سفر رواں دواں رہے، صارفین کا اعتماد بحال کرتے ہوئے ان کے مکمل تعاون سے یہ ممکن ہورہا ہے میں اپنی حیسکو کی ٹیم میں شامل ایس ای سرکل لاڑ سہیل احمد شیخ، ایکسین آپریشن ڈویژن پھلیلی زوہیب شیروانی، ایس ڈی او آپریشن سب ڈویژن پھلیلی ممتاز علی میمن کو مبارکباد دیتا ہوں، یہ پوری ٹیم ورک کا نتیجہ ہے یہ میری خواہش ہے کہ میں لوگوں کی خدمت کروں اور انکے مسائل ترجیح بنیادوں پر حل کروں، اس موقع پر چیف آپریٹنگ آفیسر اعجاز احمد شیخ کے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ آفندی ٹاؤن کو ڈومنواہ سے منسلک کیا جارہا ہے میری سروس کے 27 سال کے دوران میں کبھی نہیں سوچا تھا کہ یہ فیڈر بھی لوڈشیڈنگ فری ہوسکتا ہے لیکن چیف ایگزیکٹو آفیسر فیض اللہ ڈاہری کی بدولت ممکن ہوا ہے جتنا خوبصورت کام ایکسین آپریشن ڈویژن پھلیلی محمد زوہیب شیروانی نے کروایا ہے پورے حیدرآباد میں کہیں بھی نہیں ہوا۔ جس کی وجہ سے میں ایس ای آپریشن سرکل لاڑ سہیل احمد شیخ، ایکسین آپریشن ڈویژن پھلیلی محمد زوہیب شیروانی، ایس ڈی او ممتاز میمن اور اسکی پوری ٹیم کو مبارکباد دیتا ہوں۔ اس موقع پر صدر حیدرآباد چیمبر آف کامرس عدیل صدیقی نے کہا کہ مجھے یاد ہے جب حیسکو چیف ایگزیکٹو آفیسر فیض اللہ ڈاہری نے ڈیفنس فیڈر کو زیرلوڈشیڈنگ پر منتقل کرتے ہوئے کہا تھا کہ یہ صرف شروعات ہے، اور آج تقریباً 77 فیڈرز زیرلوڈشیڈنگ پر منتقل ہوچکے ہیں۔ انہوں نے حیسکو چیف کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے انہیں "سیلیبریٹی آف حیدرآباد" قرار دیا اور کہا کہ ان کی صارف دوست پالیسیوں کی بدولت حیدرآباد روشن ہورہا ہے۔ ماضی میں حیسکو کو شدید تنقید کا سامنا تھا، لیکن اب اس کی کارکردگی کو اخبارات میں بھی سراہا جارہا ہے۔ انہوں نے نیو حیدرآباد ایئرپورٹ فیڈر کو بھی زیرلوڈشیڈنگ پر منتقل کرنے کی درخواست کی، اس موقع پر حاجی فرید قریشی نے کہا کہ ڈیڑھ سال قبل حیسکو چیف فیض اللہ ڈاہری نے آفندی ٹاؤن کو زیرلوڈشیڈنگ پر منتقل کرنے کا وعدہ کیا تھا، جو آج پورا ہوگیا۔ انہوں نے کہا کہ ماضی میں دو دو دن بجلی بند رہتی تھی اور احتجاج ہوتے تھے، لیکن آج وہی عوام حیسکو انتظامیہ کا استقبال کررہے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ حیسکو چیف نہ صرف حیدرآباد بلکہ ریجن کے 13 اضلاع میں بجلی کی فراہمی بہتر بنانے کے لیے اقدامات کررہے ہیں۔ روزانہ کھلی کچہری کے ذریعے صارفین کے مسائل قوانین کے مطابق حل کیے جارہے ہیں۔ انہوں نے حیسکو چیف اور ان کی پوری ٹیم کا شکریہ ادا کیا۔ اس موقع پر صدر لوہار مارکیٹ مقصود چوہان نے کہا کہ ایک سال کی مسلسل کوششوں کے بعد حیسکو چیف فیض اللہ ڈاہری اور ان کی ٹیم کی بدولت آفندی ٹاؤن کو زیرلوڈشیڈنگ میں شامل کرنے کا خواب پورا ہوگیا۔ انہوں نے امیدوار پی ایس 65 فرید قریشی کے تعاون کو سراہتے ہوئے تمام کاروباری و رہائشی صارفین کو مبارکباد دی اور حیسکو انتظامیہ کا دن رات محنت کرکے یہ سہولت فراہم کرنے پر شکریہ ادا کیا۔ اس موقع پر ایس ای آپریشن سرکل لاڑ سہیل احمد شیخ نے بتایا کہ زیرلوڈشیڈنگ فیڈر کی ایکسٹینشن کے لیے میری پوری ٹیم نے قلیل مدت میں کام مکمل کرنے کے لیے دن رات محنت کی ہے اور اس ایکسٹینشن میں 10 عدد ٹرانسفارمرز ہیں، 542 کنیکشنز ہیں، ایچ ٹی کی لمبائی 0.6 کلومیٹر جبکہ ایل ٹی کی لمبائی 2.3 کلومیٹر ہے، جو نظام کی بہتری اور ریکوری میں معاون ثابت ہورہے ہیں مزید کہنا تھا کہ اگر کسی بھی مرحلے پر صورتحال میں بگاڑ آیا تو پالیسی کے مطابق دوبارہ لوڈشیڈنگ نافذ کی جاسکتی ہے شہریوں اور تاجروں نے اس اقدام کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے امید ظاہر کی ہے کہ بجلی کی بلاتعطل فراہمی سے نہ صرف روزمرہ زندگی میں آسانی پیدا ہوگی بلکہ کاروباری سرگرمیوں کو بھی فروغ ملے گا۔ آج سے 24 گھنٹے بلاتعطل بجلی کی فراہمی میسر رہے گی عوام سے اپیل ہے کہ بجلی کے بل بروقت جمع کرائیں گے تو 24 گھنٹے بجلی میسر رہے گی اور اپنے تکنیکی عملے کو شاباشی دی، عوام کو مبارکباد بھی دی تقریبات کا آغاز تلاوت قران پاک سے ہوا، اسٹیج کے فرائض سراج بیگ نے سرانجام دیئے، تقریب کے آخر میں مقصود احمد چوہان نے تقریب میں آئے ہوئے مہمانوں کو راجھستانی روایتی پگڑی کا تحفہ بھی پیش کیا اور حاجی فرید قریشی نے لنگی کا تحفہ دیا، اس تقریب میں مہمانان خصوصی میں صدر حیدرآباد چیمبر آف کامرس عدیل صدیقی، نائب صدر اویس خان، حاجی فرید قریشی امیدوار برائے پی ایس-65، صدر لوہار مارکیٹ مقصود چوہان، سماجی رہنماؤں میں نوید شیخ، جنید ڈاہری، شفیق ڈاہری، جبران، جبکہ حیسکو کی جانب سے چیف ایگزیکٹو آفیسر فیض اللہ ڈاہری کے ہمراہ چیف آپریٹنگ آفیسر اعجاز احمد شیخ، چیف انجینئر (پلاننگ) رمیش کمار، چیف انجینئر (ٹی اینڈ جی) امیر احمد میمن، ڈی جی میر اڈ عبدالماجد جتوئی، انچارج پی ڈی سی غلام سرور انڑ، ایس ای سرکل لاڑ سہیل احمد شیخ، ایکسین آپریشن ڈویژن پھلیلی محمد زوہیب شیروانی، ایڈیشنل منیجر (پی اینڈ ای) ڈونگرومل، ڈپٹی ڈائریکٹر (ٹیکنیکل) افتخار سومرو، ایس ڈی او آپریشن سب ڈویژن میمن طاہر حبیب، ریونیو آفیسر پھلیلی اقبال میمن، کوآرڈینیٹر ایس ڈی او ولید اد چانڈیو، ترجمان حیسکو محمد صادق کُمبر دیگر سیاسی سماجی شخصیات، علاقہ معززین شریک۔



حیسکو چیف ایگزیکٹو آفیسر فیض اللہ ڈاہری، چیف آپریٹنگ آفیسر اعجاز احمد شیخ، صدر حیدرآباد چیمبر آف کامرس عدیل صدیقی، صدر لوہار مارکیٹ مقصود چوہان، حاجی فرید قریشی اور ایس ای آپریشن سرکل لاڑ سہیل احمد شیخ آفندی ٹاؤن کو ڈومنواہ فیڈر کی ایکسٹینشن کے ذریعے لوڈشیڈنگ فری کرنے کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے۔